© rasailojaraid.com

عبدالستار گوندل

# تعارف و تبصرہ کتب

نام کتاب ———— فقہائے ہند (جلد پنجم۔ حصہ اوّل)

مصنف ———— مولانا محمد اسحاق صاحب بھٹی

ضخامت ———— ۳۵۲ صفحات

قیمت ———— ۲۴ روپے

ناشر ———— ادارہ ثقافتِ اسلامیہ کلب روڈ۔ لاہور

مولانا محمد اسحاق صاحب بھٹی کی شخصیت محتاج تعارف نہیں۔ آپ کا تعلق " ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ سے ہے اور ادارہ کے ماہنامہ " المعارف " میں بطور مدیر فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

زیرِ نظر کتاب " فقہائے ہند " جلد پنجم کا حصہ اوّل ہے جو برصغیر پاک و ہند کے بارھویں صدی ہجری کے ۱۶۲ فقہائے عالی مقام اور علمائے کرام کے تفصیلی حالات و سوانح پر مشتمل اور ان کی علمی و فقہی اور تصنیفی و تدریسی مساعی کو محیط ہے۔ ہندوستان میں یہ اورنگ زیب عالم گیر کا عہد حکومت ہے جو علمی اور فقہی لحاظ سے انتہائی پُر ثروت عہد ہے۔ اورنگ زیب نے ہندوستان پر اکیاون سال حکومت کی۔ اگرچہ اس دَور کے بعض فقہائے عظام کا تعلق اس سے پہلے اور بعد کے حکمرانوں کے عہد سے بھی ہے لیکن مقدمہ کتاب میں صرف اورنگ زیب کی علمی و عملی زندگی کا ذکر کیا گیا ہے اور تفصیل سے بتایا گیا ہے کہ ذاتی طور پر برصغیر کا یہ عظیم الشان شہنشاہ کس درجے نیک، پرہیزگار، بہادر و دلیر اور علم و علماء اور فقہ و فقہا کا قدردان تھا۔ اس کی اپنی " کتابِ زندگی " نہایت شاندار اور سب حکمرانوں سے ممتاز و اعلیٰ ہے اور خاندانِ مغلیہ کے اس حکمران کے حالات انتہائی دلآویز و دلچسپ ہیں جن کے مطالعے سے قلب و ذہن میں ایک خاص کیفیت کروٹ لینے لگتی ہے۔

ہم مولانا کی اس عظیم علمی خدمت پر انہیں ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں

© rasailojaraid.com